ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ رین ایمرجنسی سامان کا معائنہ کرتے ہوئے، ان ہمراہ میونسپل کمشنر احمد یار اور اراکین کونسل وافسران بھی موجود ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے　　　　اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 07-07-2024　　　　حوالہ نمبر TMC/G/INF/59/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اور میونسپل کمشنر احمد یار نے رین ایمرجنسی کے سلسلے میں خریدا گیا سامان کا معائنہ کیا سپرنٹنڈنٹ انجینئر (ایم اینڈ ای) نور علی جمالی اور AEE (ایم اینڈ ای) وسیم آرائیں نے رین ایمرجنسی سامان کے بابت بریفینگ دی۔ چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ متوقع بارشوں کے پیشِ نظر ایمرجنسی طور پر سامان خریدا گیا ہے تا کہ باران رحمت میں گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو کسی بھی زحمت کا سامنا نہ کرنا پڑے، صفائی ستھرائی، سیوریج لائین اور مین ہول کی صفائی کا کام جاری ہے (ایم اینڈ ای) اور سینیٹیشن ڈیپارٹمنٹ اپنے اپنے کاموں میں مصروف عمل ہیں متعلقہ افسران اور عملے کو سختی سے ھدایت جاری کردی گئی ہے کہ رین ایمرجنسی ڈیوٹی کے دوران کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، عملہ پابندی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے، تمام ملازمین فیلڈ میں موجود رہیں تا کہ کس بھی ناخوش گوار واقعے سے باآسانی نمٹا جائے، گڈاپ ٹاؤن نے تمام گاڑیاں اور مشنری عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں، وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو نے اپنے پیغام میں کہا کہ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق متوقع بارشوں کے موقع پر گڈاپ ٹاؤن کے تمام اراکین کونسل اپنے حلقے میں موجود رہیں تا کہ عوام کو دوران بارش مکمل سہولیات کے فراہمی حاصل ہو، گڈاپ ٹاؤن کی عوام بھی کونسل ممبران اور افسران سے رابطے میں رہیں، اس موقع پر افسر مالیات افتخار احمد دایو، پارلمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور، ممبر کونسل عیسیٰ بلوچ، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، سپرٹنڈنٹ انجینئر فرمان علی لاشاری، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، پی ایس چیئرمین لال جان نبی ودیگر بھی موجود ہیں۔

جاری کردہ

رضوان صابر

ڈائریکٹر انفارمیشن

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ